شیکھر پکچرز کا

Music By
Madan Mohan.

آخری داؤ

आखरी दाव

اداکاران
نوتن۔ شیکھر
[illegible]
جانی واکر

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

سٹوری

کچھ لوگ مانتے ہیں کچھ نہیں کہ انسان قسمت کے ہاتھوں کا کھلونا ہے۔ لیکن اس بات سے کوئی انکار نہیں کر سکتا کہ انسانی زندگی حادثات سے بھرپور ہوتی ہے۔ اور ان میں سے کچھ حادثات ایسے ہوتے ہیں جنہیں سن کر لوگ کہہ اٹھتے ہیں کہ قسمت کا کھیل ہے۔ اب راجو جیسا سیدھا سادھا غریب موٹر مکینک شیلا جیسی خوبصورت اور امیر لڑکی سے ٹکرا جائے تو کیا یہ قسمت کا کھیل نہیں۔ اس پر بھی کمال یہ کہ شیلا راجو کو بمبئی کا امیر بیوپاری پیارے لال سمجھ بیٹھی

آگے پیرہ ۵ پر دیکھیں

آخری داؤ کے گانے

گانا نمبر ۱

او چاند سا کایا یہ تارے نظر ہائے
ہمارا دل نہ مچلنے لگے
جو ہاتھ میں ہمارے یہ ہاتھ دیئے تمہارا
دیئے سے نگاہوں میں جلنے لگے
ٹھنڈی ٹھنڈی چندا کی کرن
جلتی جلتی سانسوں کی ہوا
کیا نام ہے اس موسم کا صنم
پیاسے ہیں مگر پھر بھی ہے نشہ
آنے لگی انگڑائی سی کہ جیسے کوئی رت بدلنے لگے

وہ چاند مسکایا

کچھ بات کچھ ایسا آج سماں بہکے بہکے اُٹھتے ہیں قدم
یوں پیار بھری ان راہوں میں چلتے ہی رہیں گے جھوم کے ہم
ہم جو چلیں مل کے گلے کھل چاندنی رنگ اُچھلنے لگے

وہ چاند مسکایا

جھکتی سی نگاہوں نے دل سے چھیڑی نہیں ایسی بات کبھی
راتیں تو بہت دیکھی ہیں مگر دیکھی نہیں ایسی رات کبھی
آج یہ دل یوں گئے مل ہواؤں میں جادو [illegible] چلنے لگے

وہ چاند مسکایا

گانا نمبر ۲

رفیع

تجھے کیا سناؤں اے دلربا تیرے سامنے میرا حال ہے
تیری اک نگاہ کی بات ہے میری زندگی کا سوال ہے
میری ہر خوشی تیرے دم سے ہے میری زندگی تیری غم سے ہے
تیرے درد سے رہے بے خبر میری دل کی کب یہ مجال ہے

تیری اک نگاہ

تیرے حسن پہ ہے میری نظر مجھے صبح شام کی کیا خبر
میری شام ہے تیری جستجو میری صبح تیرا خیال ہے
میرے دل جگر میں سما بھی جا رہے کیوں نظر کا بھی فاصلہ
کہ تیرے بغیر تو جانِ جاں مجھے زندگی بھی محال ہے

تجھے کیا سناؤں

گانا نمبر ۳

ناصح مت کر نصیحت کیا تجھے سمجھائے ہے
ٹھیک رہنا ہی مجھے نہیں جب دل کسی پہ آ گیا ہے
کیا بتائیں عشق ظالم کیا قیامت ڈھائے ہے
یوں سمجھ لو جیسے دل سینے سے نکلا جائے ہے
تو آکے سنبھال اسے کہ دل میرے بس میں نہیں
دل کہیں بہکے نہ ہم کہیں بہکے
نین کہیں بہکے نہ ہم کہیں بہکے
ٹھنڈی ٹھنڈی سوئی انکھیاں کھوئی کھوئی
بجھے بجھے دن ہیں بھیگی بھیگی رتیاں
دکھلاؤں یہ حال کسے کہ دل میرے بس میں نہیں
تو ہی آکے

گانا نمبر ۵ — لتا

ہائے ان کی وہ نگاہیں دل دیکھے جن کی راہیں
کوئی ان سے جاکے پوچھے ہم کیوں نہ انہیں چاہیں
جس دن ہم پہلے پہلے روٹھے تھے ان سے مل کے
اس دن بھی ہم چپکے چپکے کہتے تھے ہم دل سے
وہ دل بھی کوئی دل ہے جس میں پیار نہیں
ہائے ان کی وہ

جیسے جھکتے ہی جھکتے اٹھ جاتی ہیں یہ پلکیں
جیسے لہرا لہرا کے رک جاتی ہیں یہ زلفیں

یوں سمجھو ہم کو بھی یوں قرار نہیں — ہائے اُن کی وہ

رُت یہ بل کھاتے سے رہتے یہ متوالی سی لگتی
ہر شے نغمے ہی نغمے ہر سُو مستی ہی مستی
مل جاتی اس میں میرا بھی پیار کہیں
ہائے اُن کی وہ

آشا —

گانا نمبر ۵

نہ ڈر صنم لگا بھی دے
کہ تیری زندگی کا ہے یہ آخری داؤ
چومیں تیرے ہاتھ کو آج کامیابیاں
جیتتا چلا ہی جا بازیوں پہ بازیاں
بڑھ کے ہاتھ مار ابھی ہوگی سب کی ہار
تیرا ستارہ ہے عروج پہ ہے سُن تیری قسم
نہ ڈر صنم

تیرے دل میں دھڑکنیں میرے لب پہ جیت ہے
جیت تیری ہی نہیں یہ میری بھی جیت ہے
مل کے دل نہیں ابھی ہارنے نہیں
بن کے مِل کے یقین نہ کر ذرا بھرم
نہ ڈر صنم

جو نہ دیکھ پائے تو دشمنوں کے جال کو
آ میری نگاہ سے دیکھ سب کی چال کو
یوں نہ سر جھکا یہ آخری ہے داؤ

نہ لڑکھڑا نہ ڈگمگا ہیں تیرے ساتھ ہم
نہ ڈر صنم

رفیع ادر

گانا نمبر ۵

ہم سفر ساتھ اپنا چھوڑ چلے
رشتے ناطے وہ سارے توڑ چلے
سپنے ٹوٹے پڑے ہیں راہوں میں ۔ درد کی دھول ہے نگاہوں میں
دلوں پہ قدموں کے نشاں چھوڑ چلے
راستہ صاف تھا تو چلتے رہے
ساتھ ہنستے رہے مچلتے رہے
موڑ آیا تو منہ کو موڑ چلے
ہم امیدوں کے جال بنتے رہے
ٹکڑے ٹکڑے خوشی کے چنتے رہے
وہ کسی اور ہی سے جوڑ چلے
اب انہیں ہم سے پیار ہی نہ رہا
رونق کیا انتظار ہی نہ رہا
ہم بھی دامن کو اب نچوڑ چلے

رفیع

گانا نمبر ۶

ادھر تو ہاں ہمرا پیارے ، دکھاؤں ، دن کو بھی تارے
لکھا ہے کیا لکیروں میں فقیروں سے سن جا پیارے
لکھا ہے تجھ کو تو کسی سے الفت ہے
مگر اس ظالم کو تجھ سے نفرت ہے

وہ جائے اور کو یہ تیری قسمت ہے
یہ عالم پیارے دیکھ لا بلیے کیا کیا نظارے
ادھر تو ہاتھ لا پیارے

لکیریں کہتی ہیں تیرے ہاتھوں میں
ترا من الجھا ہے ایسی باتوں میں
کہ جینا مشکل ہے جیسے اب راتوں میں
یہ تیرے بھید بھرے ہیں لکیروں نے سارے
ادھر تو ہاتھ لا پیارے

کیسا ہے جو تو نے دی پائے گا تو بر
تیری ہو گی بنیا جو چھپا ہے گا بر
تیری قسمت کی چابی ہے میرے ہاتھوں پیارے
ادھر تو ہاتھ لا پیارے

ختم شد

عملیات تعویزات کی لاجواب کتابیں		اسلامی لٹریچر کی کتابیں	
		رکن الدین	۲/۱/-
عملیات تسخیر عالم	۵/۱/-	قصص الانبیا	۵/۱/-
عملیات تسخیر محبوب	۱/۸/-	خزاں رسکہ	-/۱۲/-
عملیات قلوب	۲/۱/-	صبح کا تارہ	-/۱۲/-
عملیات لبنی کرن	۲/۱/-	تہنیت نامہ	-/۹/-
اندر جال	۱/۸/-	بہشتی زیور مکمل	۹/۱/-
استاد جادوگراں	۳/۱/-	" " " اول	-/۱۲/-
مکمل جادوگری	۲/۴/-	فسانہ آدم	-/۴/-
چین بنگال کا جادو	-/۱۲/-	شہید کربلا	-/۴/-
کامروپ کا جادو	-/۱۲/-	قصہ حضرت ایوب	-/۴/-
رہنما جادوگری	۱/۴/-	معراج رسول	-/۸/-
جادو مسمریزم	۲/۱/-	فرض المسلمین	-/۶/-
کالا جادو	۴/۱/-	نور نامہ معہ کلمہ نامہ	-/۳/-
الو تنتر	۳/۱/-	نور نامہ کلاں	-/۳/-
کوآ تنتر	۴/۱/-	صبر نامہ	-/۸/-
نقش سلیمانی	۱/۱/-	سخاوت نامہ	-/۳/-
تعویز سلیمانی	۱/۱/-	نماز کا پھل	-/۳/-
نقش روحانی	-/۱۲/-	جدو نامہ	-/۳/-

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

(اللہ آباد پریس دہلی)